سوال

میں کچھ مثانہ کے عارضہ کے باعث پاکستان سے عمرے کا احرام نہیں پہن سکتا۔ کیا میں عمرہ کی نیت سے پہلے مدینہ منورہ جا کے وہاں سے نیت کر کے احرام پہن سکتا ہوں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ پاکستان سے مدینہ منورہ عمرہ کی نیت سے نہیں، بلکہ مسجد نبوی کی زیارت کے قصد سے جائیں، وہاں سے مکہ مکرمہ چلیں جائیں اور ذوالحلیفہ جو مدینہ والوں کا میقات ہے سے عمرہ کی نیت کر لیں۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ